12.7۔ تمثیلی سوالات برائے امتحانات

I۔ مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب 1 یا 2 جملوں میں لکھیے۔

1۔ کوئی دو عوامل بیان کیجیے جنھوں نے ہندوستانیوں میں قومیت کے احساس کے فروغ میں تعاون کیا تھا؟

2۔ 'دوہری حکومت' کی تعریف بیان کیجیے۔

II۔ مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب 4 یا 5 جملوں میں لکھیے۔

1۔ اعتدال پسندوں اور انتہا پسندوں کے مقاصد اور طریقوں کے مابین فرق کی وضاحت کیجیے۔

2۔ آپ مہاتما گاندھی کی کن خوبیوں کو پسند کرتے ہیں بیان کیجیے۔

III۔ مندرجہ ذیل ہر سوال کا جواب 8 یا 10 جملوں میں لکھیے۔

1۔ وضاحت کیجیے کہ کیوں واسکوڈی گاما کی جانب سے ہندوستان کے سمندری راستہ کی دریافت اہمیت کی حامل تھی؟

2۔ ایسا کیوں کہا جاسکتا ہے کہ برطانیہ کی جانب سے اختیار کردہ پالیسیاں 1857ء کی بغاوت کا سبب تھیں؟

IV۔ کثیر جوابی سوالات

1۔ ہندوستان کو سب سے آخر میں آنے والے یوروپی تھے۔ (   )

A) انگریز B) فرانسیسی C) ولندیزی D) پرتگالی

2۔ وہ جنگ جس میں ہندوستان کے حکمران مغل شہنشاہ کو شکست ہوئی تھی۔ (   )

A) جنگ پلاسی B) جنگ بکسر C) کارنیٹک جنگ D) پانی پت کی جنگ